
© rasailojaraid.com

مولانا عزیز زبیدی
وار برٹن ۔ شیخوپورہ

مولانا عبد الرحمٰن کیلانی



## تعارف و تبصرہ کتب

اکرام اللہ ساجد کیلانی

نام کتاب ...... قاموس الکتب اردو (جلد اول)

ضخامت ...... ۱۲۷۵ صفحات

قیمت ......... ۴۰ روپے

ناشر ...... انجمن ترقی اردو پاکستان، اردو روڈ کراچی - ۱

اردو زبان میں اب تک مختلف موضوعات پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے لیکن کون کون سی کتابیں کس کس موضوع پر لکھی گئی ہیں اور کس موضوع پر کس حد تک اور کتنا کام ہو چکا ہے اور مزید اس موضوع پر کام کرنے کے لیے کہاں تک گنجائش باقی ہے ۔ یا اس کیلئے بہترین مواد کس کتاب سے، اور مطلوبہ کتاب کہاں سے حاصل ہو سکتی ہے یہ ایسی معلومات ہیں کہ جو ایک تحقیقی کام کرنے والے یا کسی نئے لکھنے والے کیلئے جس قدر ضروری ہیں، اسی قدر ان کا یکجا جمع ہو جانا مشکل بھی ہے اور محال بھی ۔ انجمن ترقی اردو پاکستان خصوصی مبارکباد کی مستحق ہے جس نے بفضل خدا اس مشکل اور ناممکن کام کو ممکن اور سہل بنا دیا ہے ۔ زیر نظر کتاب اردو زبان میں طبع ہونے والی ان تمام کتابوں، تراجم اور رسائل کی ایک ایسی فہرست ہے جو مذہبیات سے متعلق ہیں ۔ اردو ٹائپ میں طبع شدہ یہ ضخیم کتاب ۷۷۱ کتابوں اور کتابچوں کے نام ان کے مصنفین، تاریخ طباعت اور ان کے مقام اشاعت پر روشنی ڈالتی ہے ۔ کہیں کہیں طرز تحریر کے نمونے، مختصر تبصرہ اور وضاحتی نوٹس بھی دیئے گئے ہیں ۔ آخری دو سو صفحات محولہ کتابوں کی فہرست پر مشتمل ہیں ۔ بالفاظ دیگر یہ کتاب گویا اردو لٹریچر کی تاریخ کی حیثیت رکھتی ہے ۔ اور مذہبیات کے علاوہ باقی علوم پر بھی اس نہج کی ضخیم کتابیں انجمن کے پروگرام میں شامل ہیں ۔ اس سلسلہ کی اہمیت و افادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وزارت تعلیم حکومت پاکستان نے اس پروگرام کی تکمیل میں خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے ایک لاکھ روپے کا گرانقدر عطیہ انجمن ترقی اردو پاکستان کو دیا ہے ۔ سچ تو یہ ہے کہ انجمن ترقی اردو پاکستان نے یہ کارنامہ انجام دے کر اپنے قیام کا حق ادا کر دیا ہے اور پاکستان میں دیگر قائم شدہ اداروں سے بھی یہ امید وابستہ ہے کہ وہ بھی ایسے ہی ٹھوس ثبوت مہیا کریں

© rasailojaraid.com